۱۴۹ / ۹۴/۵

جی ٹی ایم ایپ سے ویڈیوز لائک اور سبسکرائب کرکے پیسے کمانا

Forwarded

السلام علیکم مفتی صاحب مسئلہ یہ ہے کہ آجکل
online earning سے بہت لوگ نفع اٹھا رہے ہیں
ایک ایپ میں بھی چلاتا ہوں وہ GTM کے نام سے
ہے اس میں یہ کہ پہلے employe کے لے مجھے
5000 جمع کرنے پڑتے ہیں پھر مجھے کمپنی والے
vip1 میں کام کرنے کیلئے اجازت دیتے ہیں کام یہ
ہوتا ہے کہ یوٹیوب پر ویڈیو کو لائک اور سسکرائب
کرنا ہوتا دوسری بات اگر ہم کام نہیں کرتے تو
ہمیں پیسے نہیں ملتے اور یہ انویسٹ نہیں بلکہ
کمپنی خود کہتی ہے کہ یہ job ہے اور اسکے بعد
وہ ہمیں اگریمنٹ کا سرٹیفکٹ دیتے کہ چھ مہینے
کمپنی میں کام کرو پھر آپ نے جو رقم کام کرنے
کی جمع کی تھی وہ ہم آپکو واپس کرینگے اور جو
ویڈیو وغیرہ لائک کرتے ہیں وہ صرف cookies کا
کام سیکھاتے ہیں مثلا سیب اور کیلے دودھ ملاکر
جوس بناتے ہیں اور مجھے اس ایپ میں 50 دن
ہوگئے ہیں کام کرتے ہوئے نہ ویڈیو میں مرد نظر
آیا نہ مکمل عورت اور ہمارا مقصد صرف ویڈیو
کی لائک اورسسکرائب کی اسکرین شارٹ نکال کر
submitکرنی ہوتی کیا اس ایپ سے کمانا جائز ہے
کہ نہیں دلائل کے ساتھ فتوی چائے کچھ تصویر
میں آپ کے ساتھ شیئر کرتا ہوں

دار الافتاء
۹۴/۵
۱۴۴۵/۱۲/۱۸
۲۰۲۴/۶/۲۵

خطاب
قاری صاحب جاوید صاحب ... بن
0300-3263244

2:51 pm

CamScanner

Employment Agreement

Global Tnnes Media Group

Global Tnnes Media Group (GTM for short) group headquarters was established in Denver, USA in 2019, launching an interactive alliance advertising service platform. As an equal employment opportunity employer, it is our policy to provide equal employment opportunity to all employees and applicants.

Taking into account the mutual interests and responsibilities set forth in this Agreement, the Employer and the Employee have negotiated on an equal footing to agree as follows:

Employer: Global Tnnes Media Group

GTM Legal Representative: RICKY LEE DORAN

Employee: Qadir bux

effective date:

Month: 6 -Day: 17 2023year

The employee agrees to the part-time job of the employer

Copyright (c) 2019-2023
Used with permission from GTM PLATFORM..

Employee Benefits: صوابدید

1. The benefits received by the employee are at the discretion of the employer.

2. The employer agrees that the employee's entitlement to annual leave is regulated by the employer's planning policy.

3. When working for six months, the company will return all the investment funds of the current level (no matter what level your VIP is in)

Duty and Responsibilities:

1. GTM conducts tax accounting at the same time every year

2. The employer agrees to the employee as a GTM online short video reviewer, and the employee agrees to be employed by the terms and conditions stipulated in this agreement.

3. The employee agrees to have the skills, qualifications and abilities necessary to contribute to the employer's business and further its business objectives.

4. The employee may terminate the employment relationship by giving written notice to the employer 30 days in advance. Employees will not be compensated for such changes.

5. According to this agreement with immediate effect, the employee shall be employed indefinitely and shall abide by the laws and regulations of Pakistan during the period of employment.

6. The employer and the employee acknowledge that certain conditions set forth in this agreement will survive the termination of the employment relationship

COMMON SEAL

Copyright (c) 2019-2023
Used with permission from GTM PLATFORM..

GTM is the abbreviation of Global Tnnes Media Group. Founded in 2019, GTM is the world's largest Internet business group, headquartered in Denver, USA. And has offices in South America, Western Europe, South Asia and other regions. At present, it has more than 50 operating departments. Our company is also a first-class marketing agency on Facebook, Youtube, Instagram, Tiktok and other social platforms. It is a global marketing solution provider and an interactive alliance advertising service platform. Committed to a diverse and inclusive workplace where everyone feels valued.

GTM full name: Global Tnnes Media Group

Company number: 20191627122

Date of establishment: August 1, 2019

Registered address: 12F, 20 Colmore Circus Queensway, Birmingham B4 6AT, United Kingdom

You can search on Google: Global Tnnes Media Group Birmingham UK to find all the company information

Our job is to obtain tasks posted by Internet celebrities through the GTM platform, help Internet celebrities increase their popularity, and earn income by liking and subscribing to videos. Like and subscribe to the video works posted by designated Facebook, youtube, instagram, Tiktok and other users.

نامزد، منتخب

Web bloggers are smart. Their published work needs a lot of followers, visitors and likes. Without that, their videos wouldn't get a lot of traffic on YouTube and other apps, and ultimately, no one would watch their work, and they wouldn't get advertisers, sponsors. So they will pay our company for the service and assign tasks. When you complete the service, the company will pay you a fee.

CamScanner

You can work at any time within 24 hours a day. You only need to operate on your mobile phone to get the job done

Daily salary income 200-50000RS+

GTM company has passed the strict review of the government, the funds are safe and guaranteed, and the work remuneration can be withdrawn at any time.

There are already a lot of people engaged in Internet work and Internet entrepreneurship in the world today. This is why you find a lot of advertisements after using social software.

Our job is to help those , enterprises and Internet celebrities increase their popularity and promote their works, so that their plans and services can achieve better publicity.

There are already a lot of people in the world engaged in Internet work and Internet entrepreneurship, which is why you find a lot of advertisements after using social software

So GTM company needs to recruit more long-term employees to complete those task orders, so that GTM can get more long-term partners, and it will also make GTM company stronger

So GTM is a permanent job because we can't live without the internet and cell phones

To join VIP, you need to pay a part of the deposit just to allow the company to manage employees better, to let employees have a positive and serious attitude

CamScanner

towards work, and to quickly complete the task instructions issued by Internet bloggers within the specified time. Let the company gain more benefits and avoid affecting the company's reputation due to the expiration of the time when the Internet celebrity issues the task order

After becoming a VIP employee, you can get an employment agreement with legal protection. When you have a work contract, as long as you have worked for 6 months, you can use your work contract to apply for the return of all your paid deposits to your GTM account, and you can withdraw money directly to your account.

When they join, we need to lead our team members to earn higher income and make every team member live a better life to realize their dreams. This is why we need to take them seriously and teach them how to earn higher income in this job of GTM.

Remember GTM a very secure job not an investment, we need to earn rewards by working hard ourselves, if not working then you have no income, this is truest.

First we need to tell them about referral rewards and permanent passive income

When you get these two incomes, you can reach at least 30000RS+ income every day

For example: You are a VIP2 position, and your daily income is 600. If you start building a team, you can get 1500 referral rewards every time you recommend a team member with the same position, and permanent commission rewards for subordinates to complete tasks.

MLM

دار الافتاء

Then you recommend a team member, of course, the income can reach 600+1500+commission rewards for subordinates to complete tasks=?

This is just a reward for recommending one new employee. What if you recommend 10 new employees? Your daily income will not be less than 20000RS+

What if 10 team members started building their own team like you did, and each referred 10-100 new employees?

Then your daily income award will be lower than 30000+?

CamScanner

Daar-UL-Iftaa
Jamia Abdullah Bin Umar
23km Ferozpur Road Near
Kahna Nou
Lahore Pakistan

دارالافتاء
جامعہ عبداللہ بن عمر
۲۳ کلومیٹر فیروزپور روڈ نزد کاہنہ نو، لاہور پاکستان
۰۳۳۲-۸۲۹۱۲۲۱ ، ۰۴۲-۳۵۲۷۲۲۷۰

دار الافتاء کا جواب پوچھے گئے سوال کے مطابق ہوتا ہے سوال کی پوری تفصیل صحیح صحیح بتانا پوچھنے والے کی ذمہ داری ہے۔ سوال میں غلطی یا کمی کی صورت میں جواب کالعدم سمجھا جائے۔

حوالہ نمبر:	فتوی نمبر: ۹۴/۵	سائل:	مجیب: محمد طارق محمود
مفتی: مفتی محمد نوید خان صاحب	مفتی:		
کتاب: الاجارة	باب: الاجارة الفاسدة	تاریخ ہجری: ۱۴۴۵/۲/۱۸ھ	تاریخ عیسوی: ۲۰۲۳/۹/۵ء

الجواب حامدًا ومصليًا

واضح ہو کہ سائل کے فراہم کیے گئے کاغذات کا بغور مطالعہ کیا گیا۔ اس سے جو معلومات حاصل ہوئیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ جی ٹی ایم کمپنی بنیادی طور پر ایڈورٹائزنگ سروس پلیٹ فارم ہے۔ اس کا کام انٹرنیٹ کی مشہور شخصیات (Internet Celebrities) اور سوشل میڈیا کے منتخب صارفین (Designated Users) سے آرڈر لے کر ان کی ویڈیوز کو لائک اور سبسکرائب کرا کے ان کی شہرت اور کمائی بڑھانا ہے۔ جی ٹی ایم اس کام کی ان سے اجرت وصول کرتی ہے اور اپنے ملازموں سے کام کرا کے انھیں اجرت دیتی ہے۔

جی ٹی ایم کی ملازمت میں درج ذیل خرابیاں ہیں :

۱ - ویڈیوز کے جاندار کی تصویر خصوصاً عورت کی تصویر، موسیقی اور دیگر خلاف شرع چیزوں سے خالی ہونے کی کوئی ضمانت نہیں، بلکہ ویڈیوز عموماً ان چیزوں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ اور ظاہر ہے ایسی ویڈیوز کو دیکھنا، لائک کرنا اور سبسکرائب کرنا گناہوں کا مجموعہ ہے۔

۲- اگر ویڈیو کسی قابل فروخت چیز کی ہے اور اسے لائک اور سبسکرائب کر کے اس کی ریٹنگ بڑھادی حالانکہ لائکر اور سبسکرائبر کو تو خریدنے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے، البتہ جو محض واقعی خریدار ہے اسے اس ریٹنگ سے دھوکہ ہونے کا اندیشہ ہے۔

۳- ویڈیو کو لائک اور سبسکرائب کرنا ایسا کام نہیں جس کے کرنے پر اجرت کا لین دین شرعا درست ہو۔

۴- وی آئی پی کیٹیگری میں ملٹی لیول مارکیٹنگ تکنیک استعمال کی گئی ہے اور یہ تکنیک شرعا درست نہیں۔

(مأخذہ: فتوی الجامعۃ: ۳۵/۵)

۵- کاغذات میں لکھی ہوئی کچھ شقوں کی مراد واضح نہیں۔

مذکورہ بالا خرابیوں کی وجہ سے جی ٹی ایم ایپ سے پیسے کمانا جائز نہیں۔

الدر مع الرد: ٦/٤ ، کتاب الإجارة

وشرعا (تمليك نفع) مقصود من العين (بعوض) حتى لو استأجر ثيابا أو أواني ليتجمل بها أو دابة ليجنبها بين يديه أو دارا لا ليسكنها أو عبدا أو دراهم أو غير ذلك لا ليستعمله بل ليظن الناس أنه له فالإجارة فاسدة في الكل، ولا أجر له لأنها منفعة غير مقصودة من العين بزازية وسيجيء .

(مقصود من العين) أي في الشرع ونظر العقلاء، بخلاف ما سيذكره فإنه وإن كان مقصودا للمستأجر لكنه لا نفع فيه وليس من المقاصد الشرعية، وشمل ما يقصد ولو لغيره لما سيأتي عن البحر من جواز استئجار الأرض مقيلا ومراحا، فإن مقصوده الاستئجار للزراعة مثلا، ويذكر ذلك حيلة للزومها إذا لم يمكن زرعها تأمل. ..... (قوله أنه له) أي الدار أو العبد وما بعده، وأفرد الضمير لعطف المذكورات بأو، وهذه المسائل ستأتي متنا في الباب الآتي (قوله ولا أجرة له) أي ولو استعملها فيما ذكره، وقولهم: إن الأجرة تجب في الفاسدة بالانتفاع " محله فيما إذا كان النفع مقصودا، وقيد في الخلاصة عدم الأجر في جنس هذه المسائل بقوله إلا إذا كان الذي يستأجر قد يكون يستأجر لينتفع به اهـ وسيأتي الكلام فيه .

امداد الفتاوی: ۳/۳۴۲

دوسری وجہ منع کی اس عمل کا (یعنی شفاعت کا) غیر متقوم عند الشرع ہونا ہے۔ جیسا فقہاء نے اجارہ اشجار لتجفیف الثیاب کو منع کہا ہے، پس شفاعت بھی شرعا غیر متقوم ہے۔

دار الافتاء

CamScanner

لأنه لم ينقل تقومه وتقوم المنافع بغير القياس فما لم ينقل لا يجوز القول بتقومه وأيضا فلا تعب في الشفاعة ولا يعطون الأجر عليها من حيث إنه عمل فيه مشقة بل من أنها مؤثرة بالوجاهة والوجاهة وصف غير متقوم فجعلوا أخذ الأجرة عليها رشوة وسحتا.

اور ویڈیوز کو لائک اور سبسکرائب کرنا یہ بھی در حقیقت دوسرے کی وجاہت بڑھانا ہے۔پس یہ کام عقد اجارہ کا معقود علیہ اور محل نہیں بن سکتا۔-----------------والله سبحانه وتعالى أعلم

الجواب صحیح

بندہ محمد نوید عفی عنہ

محمد نوید خان عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ عبد اللہ بن عمر، لاہور

دار الافتاء
۹۲/۵
۴۵/۲/۱۸
۲۴/۹/۵

محمد طارق محمود عفی عنہ

محمد طارق محمود عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ عبد اللہ بن عمر لاہور

۱۶ صفر ۱۴۴۵ھ

۳ ستمبر ۲۰۲۳ء